DAILY
NAWA-I-WAQT
LAHORE

قائداعظمؒ کے فرمان پر شروع ہونے والا پہلا اردو اخبار

روزنامہ

نوائے وقت

لاہور

بانی حمید نظامی مرحوم

معمار مجید نظامی مرحوم

ایڈیٹر رمیزہ مجید نظامی

لاہور، کراچی، راولپنڈی/اسلام آباد، ملتان، کوئٹہ اور گوادر سے بیک وقت شائع ہوتا ہے

جلد	جمعۃ المبارک 19 رجب المرجب 1447ھ 9 جنوری 2026ء، 27 پوہ 2082 ب	صفحات	رجسٹرڈ نمبر سی پی ایل	شمارہ
85	04236302050 قیمت 35 روپے	10	101	285

خواتین وکلا، عدالتی عملے کے بچوں کیلئے ڈے کیئر سنٹر کا افتتاح

ڈی پی او ننکانہ نے سنٹر میں سہولیات کا جائزہ لیا، بار اور محکمہ سوشل ویلفیئر کی کاوشوں کو سراہا

ننکانہ صاحب (نامہ نگار) ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن کی طرف سے خواتین وکلاء، عدالتی عملہ اور کلرکس کے ننھے بچوں کے لیے ڈے کیئر سنٹر کا افتتاح کر دیا گیا۔ تقریب میں ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر فراز احمد نے ممبر پنجاب بار کونسل خادم حسین سدھو، صدر ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن رائے عابد حسین کھرل، جنرل سیکرٹری رائے شجر عباس اور نائب صدر و فوکل پرسن مرزا نواز بیگ کے ہمراہ سنٹر کا افتتاح کیا۔ افتتاح کے موقع پر ڈی پی او فراز احمد نے سنٹر میں فراہم کی جانے والی سہولیات کا جائزہ لیا اور ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن اور محکمہ سوشل ویلفیئر کی کاوشوں کو سراہا۔ انہوں نے کہا کہ خواتین معاشرے کا اہم ترین حصہ ہیں جو ہر شعبہ زندگی میں نمایاں خدمات سرانجام دے رہی ہیں۔ عدالتوں اور کچہری میں کام کرنے والی خواتین کے کم عمر بچوں کے لیے یہ سنٹر نہایت ضروری ہے، جس سے ان کے کام میں بہتری آئے گی۔ بعد ازاں ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن کی طرف سے ڈی پی او اور دیگر مہمانوں کو یادگاری شیلڈز بھی پیش کی گئیں۔

09/1/26

AD (P&D)

09/01/26

DD (P/DR)

09/01/26

Dir (Prog.)

روزنامہ خبریں لاہور
Daily KHABRAIN
بانی وقائد: ضیا شاہد مرحوم
چیف ایڈیٹر: امتنان شاہد
جلد 35 | جمعۃ المبارک 19 رجب المرجب 1447ھ 9 جنوری 2026ء 27 پوہ 2082ب صفحات 8 قیمت 30 روپے | شمارہ 168

خواتین وکلاء اور عدالتی عملے کے بچوں کے لیے ڈے کیئر سنٹر کا افتتاح

ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر فراز احمد نے ممبر پنجاب بار کونسل خادم حسین کے ہمراہ افتتاح کیا

ننکانہ صاحب (ڈسٹرکٹ رپورٹر) خواتین وکلاء اور عدالتی عملے کے بچوں کے لیے ڈے کیئر سنٹر کا افتتاح تفصیلات کے مطابق ننکانہ صاحب میں ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن کی طرف سے خواتین وکلاء، عدالتی عملہ اور کلرکس کے ننھے بچوں کے لیے ڈے کیئر سنٹر کا افتتاح کر دیا گیا۔ تقریب میں ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر فراز احمد نے ممبر پنجاب بار کونسل خادم حسین سدھو، صدر ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن رائے عابد حسین کھرل، جنرل سیکرٹری رائے شجر عباس اور نائب صدر دوفوکل پرسن مرزا نواز بیگ کے ہمراہ سنٹر کا افتتاح کیا۔ افتتاح کے موقع پر ڈی پی او فراز احمد نے سنٹر میں فراہم کی جانے والی سہولیات کا جائزہ لیا اور ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن اور محکمہ سوشل ویلفیئر کی کاوشوں کو سراہا۔ انہوں نے کہا کہ خواتین معاشرے کا اہم ترین حصہ ہیں جو ہر شعبہ زندگی میں نمایاں خدمات سرانجام دے رہی ہیں۔ عدالتوں اور کچہری میں کام کرنے والی خواتین کے کم عمر بچوں کے لیے یہ سنٹر نہایت ضروری ہے، جس سے ان کے کام میں بہتری آئے گی۔ ڈی پی او نے کہا کہ مستقبل میں اس طرح کے سنٹر دیگر سرکاری دفاتر اور ڈی پی او آفس میں بھی قائم کیے جائیں گے۔

09/1/26
C.O
AD (Pub)
09/01/26
DD (PAPR)
09/01/2026
DIR (Prog.)